# ترجمان اسلام آباد کیپیٹل پولیس

پبلک ریلیشن برانچ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی خصوصی اشاعت

Islamabad Police | منگل 30 اپریل 2024 | Islamabadpolice.gov.pk


## ٹیکنالوجی

| | |
|---|---|
| کرایہ دار کا اندراج | 56265 |
| ملازمین کا اندراج | 54967 |
| گاڑیوں کی تصدیق | 21029 |
| گمشدگی / برآمد | 06 |
| جنرل وریفکیشن | 96279 |

## کرائم

| | |
|---|---|
| کل مقدمات | 117 |
| گرفتار ملزمان | 98 |
| یکسو چالان | 48 |
| سٹاپ اینڈ سرچ | 5805 |
| اشتہاری مجرمان وعدالتی مفروران | 28 |

## ٹریفک

| | |
|---|---|
| جرمانے کے چالان | 2159 |
| سنگین خلاف ورزی | 1141 |
| مہلک حادثات | ---- |
| ڈرائیونگ لائسنس | ---- |
| لرننگ پرمٹ | ---- |

## پکار-15



| | |
|---|---|
| ایمرجنسی کال | 3864 |
| بوگس کال | 3156 |
| ایمرجنسی رسپانس | 315 |
| کم سے کم رسپانس ٹائم | 03 منٹ |
| زیادہ سے زیادہ رسپانس ٹائم | 08 منٹ |

# وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی کا شہریوں کی سہولت کے لئے ایک اور اہم اقدام

**وزیر داخلہ نے اسلام آباد ٹریفک پولیس سہولت وین اور ایجوکیشن وین کا افتتاح کر دیا، شہری موبائل ٹریفک سہولت وین سے لرنر پرمٹ، لائسنس کی تجدید اور دیگر اہم سہولیات حاصل کر سکیں گے، موبائل ٹریفک ایجوکیشن وین مختلف نجی و تعلیمی اداروں اور سڑکوں پر شہریوں کو ٹریفک کے متعلق آگاہی فراہم کرے گی**






وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے شہریوں کی سہولت کے لئے ایک اور اہم اقدام کو پایۂ تکمیل تک پہنچا دیا ہے، وفاقی وزیر داخلہ نے اسلام آباد ٹریفک پولیس سہولت وین اور ایجوکیشن وین کا افتتاح کر دیا اور موبائل وین کا معائنہ بھی کیا، اس سلسلے میں ایک پروقار تقریب ایف نائن پارک میں منعقد کی گئی، تقریب میں انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی سمیت اسلام آباد پولیس کے سینئر پولیس افسران بھی موجود تھے، اس موقع پر وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ اسلام آباد ٹریفک پولیس آج سے ملک بھر کے کسی بھی حصے کے رہائشی کا اسلام آباد سے ڈرائیونگ لائسنس کا اجرا کرے گی، وفاقی دارالحکومت کے 70 سال سے زائد عمر کے لوگوں کا لائسنس ان کے گھر جا کر بنایا جائیگا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کے شہریوں کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی میری اولین ترجیح ہے، آج ہم کالجز اور یونیورسٹیوں کے طلباء کو ان کی تعلیمی اداروں میں جا کر لرنرز اور لائسنس کے اجرا اور تجدید کی سہولت فراہم کرنے کی سروس کا باقاعدہ آغاز کر رہے ہیں، اس سروس کا مقصد طلبا و طالبات کا وقت ٹریفک دفتروں میں آنے جانے اور قطاروں میں لگ کر ضائع ہونے سے بچانا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کو منشیات اور تجاوزات سے پاک کرنے کا کام شروع کر دیا گیا ہے، تجاوزات سے متعلق سپریم کورٹ کے فیصلہ پر بھی اسلام آباد میں من وعن عمل کریں گے، کسی کو بھی تجاوزات نہیں کرنے دیں گے، انہوں نے اسلام آباد ٹریفک پولیس کو ہدایت کی کہ آج سے اسلام آباد میں موجود ملک کے کسی علاقے کے شہری کو لائسنس جاری کئے جائیں، کسی کو اسلام آباد سے باہر عارضی یا مستقل پتہ ہونے پر واپس نہ بھیجا جائے، انہوں نے کہا کہ پولیس کے شہداء کے لواحقین اور پولیس کی ویلفیئر بھی میری ترجیحات میں شامل ہیں، تین ماہ میں اسلام آباد کے تمام تھانوں کی صورتحال یکسر تبدیل کر کے دکھاؤں گا، انہوں نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی سربراہی میں پولیس تعلیمی اداروں سمیت اسلام آباد کے کونے کونے میں منشیات کے استعمال کے خلاف کاروائی عمل میں لا رہی ہے، پولیس منشیات سمگل کرنے والوں کو بھی پکڑ رہی ہے، انہوں نے کہا کہ آئی جی اسلام آباد احسن طریقے سے اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں، اس موقع پر آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ یہ سہولت وین" شہریوں کی خدمت سہولت کے ساتھ" کا موٹو لئے وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کو خدمات مہیا کرے گی، اس سلسلہ میں پولیس سہولت وین کا شیڈول بھی جاری کر دیا گیا، شہری پولیس سہولت وین سے دن 10 بجے سے لے کر شام 07 بجے تک مستفید ہو سکتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس وفاقی دارالحکومت میں شہریوں کی حفاظت اور خدمت کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے۔



## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کی خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کی "نشہ اب نہیں" تحریک جاری،

**نشہ! اب نہیں**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی "نشہ اب نہیں" تحریک جاری ہے، اس سلسلہ میں اسلام آباد پولیس کے افسران منشیات کے نقصانات اور روک تھام کے حوالے سے خصوصی آگاہی مہم بھی چلا رہے ہیں، جبکہ گزشتہ ہفتے کے دوران اسلام آباد پولیس ٹیموں نے منشیات فروشوں کے خلاف موثر کارروائیاں عمل میں لاتے ہوئے 98 منشیات فروشوں کی گرفتاری عمل میں لائیں، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے 16.99 کلو چرس، 27.92 کلو ہیروئن، 3.75 کلو آئس اور 380 بوتلیں شراب برآمد کر لی گئیں، گرفتار ملزمان کے خلاف مقدمات درج کر کے مزید تفتیش عمل میں لائی جا رہی ہے، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ "نشہ اب نہیں" ایک تحریک ہے جسے اسلام آباد پولیس نے شروع کیا ہے، اب کسی کو نشہ نہیں کرنے دیا جائے گا اور منشیات فروشی میں ملوث عناصر کو جڑ سے اکھاڑ پھینکا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ نوجوان خاص کر طلباء کیلئے منشیات کا استعمال انکے صحت اور مستقبل دونوں کیلئے تباہ کن ہے، نشہ ایک فرد ہی نہیں بلکہ پورے ایک خاندان اور پورے معاشرے کی تباہی کا سبب ہے، نشہ ایک ایسی بیماری ہے جس نے سینکڑوں نوجوانوں کی زندگیوں کو نا صرف تباہ کیا بلکہ انکو مختلف پریشانیوں سے دوچار بھی کیا ہے، نوجوان خود کو بھی اس ناسور سے بچائیں اور اپنے اردگرد کے افراد کو بھی منشیات جیسی لعنت سے بچانے میں اپنا کردار ادا کریں، آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہری منشیات کے خاتمے کیلئے اسلام آباد پولیس کا ساتھ دیں اور "نشہ اب نہیں" کا عزم کریں، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔

# ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری کا کھلی کچہری کا انعقاد

## کھلی کچہری میں شہریوں کی شکایات سن کر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے اور درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کارروائی کر کے رپورٹ کرنے کی ہدایت دی





ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے اپنے دفتر میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، ڈی آئی جی آپریشنز نے شہریوں کے مسائل سنے اور ان کے فوری حل کے لئے متعلقہ افسران کو مارک شدہ درخواستوں پر دیئے گئے وقت میں قانونی کاروائی کر کے رپورٹ پیش کرنے کے احکامات جاری کئے، ڈی آئی جی آپریشنز نے کہا کہ ہماری اولین ذمہ داری ہے کہ ہم شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کے ساتھ ان کی عزت نفس کا خیال رکھتے ہوئے تمام تر مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کریں، رشوت یا بدعنوانی میں ملوث اہلکاروں کے خلاف سخت ایکشن لیا جائے گا اور زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی جائے گی، شہریوں کے مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لائیں، انہوں نے مزید کہا کہ کھلی کچہری کے انعقاد سے خود احتسابی کو بھی یقینی بنایا جاسکے گا، شہریوں کے مسائل کا فوری حل اولین ترجیح ہے، ہر شہری کو مساوی حقوق حاصل ہیں، تمام درخواستوں پر میرٹ پر فیصلے کئے جائیں گے، شہریوں کی جان، مال اور عزت نفس کا تحفظ مقدم ہے۔

# آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر ایس ایس پی آپریشنز ملک جمیل ظفر کی تھانہ شالیمار کے علاقہ سیکٹر ایف ٹین مرکز میں کھلی کچہری کا انعقاد

## کھلی کچہری میں شرکاء نے اپنے مسائل بیان کیے، ایس ایس پی آپریشنز نے پولیس افسران کو شہریوں کے مسائل کو حل کرنے کی ہدایات کی، شہریوں کے جان ومال کے حفاظت اور مسائل کا حل اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے






انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس ایس پی آپریشنز ملک جمیل ظفر نے تھانہ شالیمار کے علاقے ایف ٹین مرکز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، جس میں ایس پی صدر زون، ایس ڈی پی، ایس ایچ او سمیت علاقہ معززین نے بڑی تعداد میں شرکت کی، کھلی کچہری میں موجود شرکاء نے اپنے مسائل بیان کیے اور بہتری کے لئے تجاویز پیش کیں، حل طلب مسائل پر ایس ایس پی آپریشنز نے موقع پر متعلقہ افسران کو احکامات جاری کئے اور شرکاء کی پیش کردہ تجاویز پر عمل درآمد کرنے کی یقینی دہانی کروائی، ایس ایس پی آپریشنز نے کھلی کچہری کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے احکامات کی روشنی میں عوامی شکایات اور علاقائی مسائل کے فوری حل کے لئے کھلی کچہریوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے، آئی جی اسلام آباد کے واضح احکامات ہیں کہ تمام افسران اپنے حلقوں میں کھلی کچہریوں کا انعقاد کریں تا کہ شہریوں کے ساتھ براہ راست رابطہ رکھا جا سکے اور ان کو درپیش مشکلات حل کرنے میں مدد ملے، انہوں نے مزید کہا کہ پولیس دن رات آپ کی حفاظت و خدمت میں کوشاں ہے جن مسائل کا آپ نے ذکر کیا ہے ان کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائے گا، اسلام آباد پولیس کی طرف سے جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بہتر حکمت عملی کی وجہ سے علاقہ میں جرائم میں خاطر خواہ کمی واقع ہوئی ہے تاہم اس میں مزید بہتری کے لئے اقدامات کئے جا رہے ہیں، جبکہ قبضہ مافیا، جرائم کا قلع قمع اور منشیات فروشی کے خاتمے کے لئے پولیس کو عوام کے تعاون کی ضرورت ہوتی ہے آپ کے بغیر یہ سب ناممکن ہے پولیس اور عوام مل کر ان جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جہاد کریں تا کہ اس ناسور کو معاشرے سے ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ختم کیا جا سکے گا، آپ کے تعاون سے قبضہ مافیا اور منشیات فروشوں کے خلاف بھرپور طریقے سے کریک ڈاؤن کیا جاسکتا ہے، پیشہ ور بھکاریوں کی حوصلہ شکنی کریں، آپ اپنے اردگرد اور گلی محلے میں نظر رکھیں، کوئی بھی مشکوک سرگرمی دیکھیں تو فوری اپنے متعلقہ پولیس کو اطلاع دیں تا کہ ایسے عناصر کے خلاف کارروائی کی جائے یاد رکھیں کسی بھی علاقہ میں شہریوں کے تعاون کے بغیر خاطر خواہ مثبت نتائج حاصل نہیں کئے جاسکتے ہیں، انہوں نے مزید کہا کہا سلام آباد پولیس شہریوں کی جان و مال کی حفاظت کرنے میں ہمہ وقت مصروف عمل ہے، کھلی کچہری کے انعقاد کرنے کا مقصد شہریوں اور پولیس کے درمیان روابط کو بڑھاتے ہوئے دوریاں کو ختم کرنا ہے، معززین علاقہ نے کھلی کچری کے انعقاد پر آئی جی اسلام آباد کو خراج تحسین پیش کیا اور ایس ایس پی آپریشنز کا شکریہ ادا کیا۔

## آئی جی اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن جاری

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس نے پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف آپریشن شروع کر دیا، اسلام آباد پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف علاقوں میں پیشہ ور بھکاریوں اور ان کے سہولت کاروں کے خلاف آپریشن کرتے ہوئے 22 پیشہ ور بھکاریوں کو گرفتار کر کے ان کے خلاف مقدمات درج کر لیے جبکہ کم عمر بچوں کو فلاحی سنٹر منتقل کر دیا گیا، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے زونل ایس پیز کو واضع احکامات دیئے کہ وہ بھکاریوں کے خلاف روزانہ کی بنیاد پر اپنی زیرِ نگرانی آپریشن جاری رکھیں، انہوں نے شہریوں سے گزارش کی کہ وہ اپنے صدقات پیشہ ور بھکاریوں کو ہرگز نہ دیں اور ان کی حوصلہ شکنی کریں، اگر آپ کو تجارتی مراکز اور رہائشی علاقوں میں پیشہ ور بھکاری نظر آئیں تو فوری "پکار-15" پر پولیس کو اطلاع دیں، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح عوام کی جان و مال کی حفاظت ہے۔

## قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری

**پولیس ٹیموں نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران قتل و دیگر سنگین جرائم میں ملوث 06 اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرلیا، مجرمان کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے انہیں قانون کے کٹہرے میں لایا جا رہا ہے۔**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کا سنگین جرائم میں ملوث مجرمان اشتہاری اور عدالتی مفروران کی گرفتاری کے لیے بڑے پیمانے پر کریک ڈاون جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے سنگین جرائم میں ملوث 06 اشتہاری مجرمان کی گرفتاری عمل میں لائی، اشتہاری اور عدالتی مفروران کے خلاف مہم کو مزید موثر بناتے ہوئے مجرمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، شہریوں کے جان و مال کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ذمہ داری ہے، انہوں نے کہا کہ کسی قسم کی غفلت ولا پرواہی برداشت نہیں کی جائے گی، تمام پولیس افسران تلاشی اور جانچ پڑتال کو مزید موثر بنائیں اور جرائم کی بیخ کنی کے لئے تمام تر ضروری اقدامات کرتے ہوئے جرائم پیشہ مجرمان اور مقدمات میں نامزد ملزمان کے گرد گھیرا تنگ کریں اور ان کو گرفتار کر کے جلد مقدمات کو یکسو کریں، ڈی آئی جی اپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن پکار–15" یا" آئی سی ٹی ایپ-15" پر فوری اطلاع دیں۔

# ایس پی ڈپلومیٹک پروٹیکشن یونٹ کا ڈپلومیٹک انکلیو کے داخلی راستوں کا دورہ

**ڈیوٹی پر مامور اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے اور سیکورٹی انتظامات کو یقینی بنانے کے لیے ہدایات جاری کیں**






انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں ایس پی ڈپلومیٹک پروٹیکشن یونٹ نے ڈپلومیٹک انکلیو کے داخلی راستوں کا دورہ کیا، فرائض منصبی کی ادائیگی پر مامور اسلام آباد پولیس کے افسران اور جوانوں سے ملاقات کی اور کہا کہ پڑتال کے عمل کو سخت کریں ہر گاڑی کو مکمل چیک کر کے جانے دیں، ڈپلومیٹک انکلیو میں واقع تمام اہم عمارات کا تحفظ ہماری ترجیحات ہیں، مشکوک نقل و حرکت پر کڑی نظر رکھیں، ملکی حالات کے پیش کسی بھی ناخوشگوار واقع سے نمٹنے اور سیکورٹی انتظامات کو یقینی بناتے ہوئے لاء اینڈ آرڈر صورتحال سے قانون کے مطابق نمٹنے کے لئے ہمہ وقت تیار رہیں، اسلام آباد پولیس وفاقی دارلحکومت میں امن و امان میں خلل ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دے گی اور شہریوں کی جان و مال اور نجی و سرکاری املاک کے تحفظ کیلئے ضروری اقدامات اٹھاتے ہوئے تمام تر وسائل بروئے کار لائے جائیں، تا کہ کوئی شر پسند عناصر اپنے مذموم مقاصد میں کامیاب نہ ہو سکے، انہوں نے تمام افسران کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی کے سخت اقدامات کرتے ہوئے ڈپلومیٹک انکلیو میں پٹرولنگ کو مزید سخت کریں اور چیکنگ کو موثر بنائیں، کسی بھی لاء اینڈ آرڈر صورتحال سے نمٹنے کے لئے نفری کو بریف کریں اور تمام ڈیوٹی کو خود چیک کریں، ڈیوٹی پر تعینات تمام اہلکار صاف وردی اور مکمل کٹ کے استعمال کو یقینی بنائیں، فرائض منصبی میں کسی بھی قسم کی غفلت اور لاپرواہی ہونے کی صورت میں سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

# سیف سٹی اسلام آباد کا جرائم کی روک تھام میں اہم کردار

**رواں سال کے پہلے چار ماہ میں 01 ہزار 12 کیسز پر کام کیا گیا، 433 کیسز کو ٹریس کیا گیا جبکہ 250 تفتیشی افسران نے سیف سٹی اسلام آباد سے استفادہ حاصل کیا**



ڈی آئی جی سیف سٹی / ٹریفک کی زیر نگرانی سیف سٹی اسلام آباد جرائم کی روک تھام میں اہم کردار ادا کر رہا ہے، رواں سال کے پہلے چار ماہ میں سیف سٹی اسلام آباد نے 01 ہزار 12 کیسز پر کام کیا، جن میں سے 433 کیسز میں ملزمان کو ٹریس کر کے کیفر کردار تک پہنچانے میں مدد فراہم کی گئی، اسی طرح 250 تفتیشی افسران نے کیسز کو ٹریس کرنے میں سیف سٹی اسلام آباد سے استفادہ حاصل کیا، ڈی آئی جی سیف سٹی / ٹریفک نے کہا کہ سیف سٹی کے جدید تکنیک کے حامل کیمرے شہر کی سلامتی، جرائم کے سدِ باب اور شہریوں کی جان و مال کے تحفظ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، نیز جرائم کا 42 فیصد سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر سے حل کیا جاتا ہے، شہر کے داخلی و خارجی راستوں پر چہروں کی شناخت کرنے والے کیمرے لگائے گئے ہیں جو مشکوک عناصر کی نشاندہی میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اطلاع اسلام آباد پولیس کی ہیلپ لائن "پکار–15" یا" آئی سی ٹی'-15' ایپ پر دیں۔

# گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران "پکار-15" پر 03 ہزار 864 کالز موصول ہوئیں، جن میں 03 ہزار 156 غیر متعلقہ کالز تھیں

**جو کہ کل کالز کا 82% فیصد ہے، "پکار– " 15 ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جا سکتی ہے، جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے**

اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ایمرجنسی ہیلپ لائن '' پکار– '' 15 وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں شہریوں کو بر وقت خدمات فراہم کرنے میں اہم کردار ادا کر رہی ہے، ''پکار– 15'' ایک ایمرجنسی ہیلپ لائن ہے جس سے کسی بھی وقت پولیس کی فوری مدد حاصل کی جا سکتی ہے، سیف سٹی میں ''پکار– 15'' کال سینٹر موجود ہے جس میں روزانہ کی بنیاد پر ہزاروں کالز موصول ہوتی ہیں اور کال کی نوعیت کے مطابق شہریوں کی مدد کی جاتی ہے، ان میں پولیس، فائر بریگیڈ، ایمبولینس سہولت شامل ہیں، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 'پکار -15'' ہیلپ لائن پر 03 ہزار 864 کالز موصول ہوئیں، جن میں سے 03 ہزار 156 غیر متعلقہ کالز تھیں جو کہ کل کالز کا 85% فیصد ہے پولیس کی فوری مدد کے لئے 315 کیسز رجسٹرڈ کیے گئے جن میں مختلف نوعیت کی کالز اور اطلاع تھی جن پر بروقت ایمرجنسی دستوں کو بھیجا گیا، % 82 فیصد جھوٹی اور غیر ضروری کالز سے نہ صرف پولیس کا وقت ضائع ہوتا ہے بلکہ ایمرجنسی میں کسی کی مدد میں تاخیر کا سامنا بھی کرنا پڑتا ہے جو جان لیوا ثابت ہو سکتا ہے، شہریوں سے گزارش ہے کہ ''پکار– 15'' ہیلپ لائن آپ کی سہولت کے لیے ہے اور اس کا صحیح استعمال بھی آپ کی ذمہ داری ہے، ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیں اور ایسے عناصر کی حوصلہ شکنی کریں جو جھوٹی اطلاع یا کال کر کے پولیس کا وقت ضائع کرتے ہیں۔

## سیف سٹی اسلام آباد کی تکنیکی نگرانی ٹیم کی رواں سال 2024 کے پہلے چار ماہ میں موثر کارروائیاں

**ہوٹل آئی سافٹ ویئر کے ذریعے 16 ملزمان، گھریلو ملازمین اور کرایہ داری رجسٹریشن کے ذریعے 3 ملزمان اور انٹری ایگزٹ مینجمنٹ نظام کے ذریعے 7 ملزمان کو گرفتار کر کے تھانہ منتقل کیا گیا۔**



ڈی آئی جی سیف سٹی و ٹریفک کی زیر نگرانی سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کی تکنیکی نگرانی ٹیم نے رواں سال کے پہلے چار ماہ میں موثر کارروائیاں جاری رکھی ہوئی ہیں، ہوٹل آئی سافٹ ویئر میں 4 لاکھ 55 ہزار 937 لوگوں کا اندراج کیا گیا، اور 16 انتہائی مطلوب ملزمان کو گرفتار کر کے تھانہ جات منتقل کیا گیا، جبکہ 26 ہزار 500 گھریلو ملازمین اور کرایہ داروں کے اندراج کو بھی یقینی بنایا گیا، جس میں سے 03 مطلوب ملزمان کو گرفتار کر کے متعلقہ تھانے منتقل کیا گیا، ایسی کے ساتھ انٹری ایگزٹ مینجمنٹ نظام میں 24 ہزار 513 افراد کا اندراج کیا گیا، جبکہ 7 ملزمان کو گرفتار کر کے متعلقہ تھانوں میں منتقل کیا گیا، ملزمان نے اسلام آباد کی حدود میں موجود نجی ہوٹلز میں رہائش اختیار کرنے کے علاوہ بس اڈوں کا استعمال کیا اور کرائے دار بن کے وفاقی دارالحکومت میں رہائش پذیر ہوئے یا دیگر کسی بھی طریقے سے اسلام میں داخل ہوئے تھے، ملزمان کی نقل و حرکت کو دیکھتے ہوئے انکے کوائف کا اندراج کیا گیا، اندراج کرتے ہی سیف سٹی تکنیکی نگرانی ٹیم نے متعلقہ تھانوں کو اطلاع دی، جس پر ملزمان کو فی الفور گرفتار کر لیا گیا، سی پی او سیف سٹی و ٹریفک نے کہا کہ سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر کے قیام کا مقصد نہ صرف شہر میں جرائم کی شرح کو کم کرنا ہے بلکہ شہریوں کو بہترین سہولیات مہیا کرنا ہے، سیف سٹی کمانڈ اینڈ کنٹرول سنٹر میں جہاں مشکوک سرگرمیوں کی نگرانی کی جاتی ہے وہیں پر ای چالان، موثر ٹریفک مینجمنٹ، ڈیٹا اینالائزنگ، جرائم پیشہ افراد کے چہروں کی شناخت، آٹو نمبر پلیٹ ریڈر اور ہوٹل آئی جیسے مفید سافٹ ویئرز کے استعمال سے جرائم کی شرح کو کم کیا جاتا ہے، انہوں نے مزید کہا کہ ہوٹل آئی ایک ایسا سافٹ ویئر ہے جس کے تحت شہر میں موجود ہوٹلز، ہاسٹلز اور شیلٹر ہومز میں رہائش پذیر ہونے والے ہر فرد پر نظر رکھی جاتی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اطلاع اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی ہیلپ لائن "پکار–15" یا" آئی سی ٹی'15' ایپ پر دیں۔

# وفاقی دارالحکومت میں منشیات فروشوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کریک ڈاؤن جاری ہے

**گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 32 منشیات فروشوں کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار ملزمان کے قبضہ سے بھاری مقدار میں چرس، ہیروئن، آئس اور کھلی شراب برآمد، ملزمان کیخلاف مختلف تھانہ جات میں مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس کی وفاقی دارالحکومت کو منشیات سے پاک کرنے اور نوجوان نسل کو منشیات کی لعنت سے محفوظ رکھنے کے لئے خصوصی "نشہ اب نہیں" تحریک جاری ہے، ان احکامات کی روشنی میں گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران پولیس ٹیموں نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 32 منشیات فروشوں کی گرفتاری عمل لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے چار منشیات فروشوں محب اللہ، نبیل بشیر، رنگین خان اور ضابطہ علی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1,800 گرام چرس اور 315 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے منشیات فروشی میں ملوث ملزم کامران کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 232 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کوہسار پولیس نے دو ملزمان شمعون مسیح اور قیصر یعقوب کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 104 گرام ہیروئن اور 20 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ ویمن پولیس نے ملزمہ مہک کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 97 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ کراچی کمپنی پولیس نے ملزم سہیل کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 25 بوتلیں شراب برآمد کرلی، تھانہ شالیمار پولیس نے ملزم گل بہار کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 16 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس نے دو ملزمان محمد شعیب اور غیر ملکی باشندے امولیڈی کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 74 بوتلیں شراب اور چھ ڈبے بیئر کے برآمد کرلیے، تھانہ سنبل پولیس نے ملزم طاہر علی کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 1,110 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ ترنول پولیس نے پانچ ملزمان عادل، یاسر، نور اسلم، آزاد خان اور عمران کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 810 گرام آئس اور 1,022 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ سنگجانی پولیس نے ملزم عثمان کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 546 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ شمس کالونی پولیس نے تین ملزمان تنویر، حامد حسین اور ممتاز کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 60 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ نیلور پولیس نے ملزم ساجد علی کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 210 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ شہزاد ٹاؤن پولیس نے ملزم حسنین کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 585 گرام ہیروئن اور 95 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ بنی گالہ پولیس نے دو ملزمان ولی محمد اور شوکت کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 1,850 گرام چرس اور 25 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم سرمد کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 105 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ کورال پولیس نے ملزم راشد احمد کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 42 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ کرپا پولیس نے ملزم محمد شارق کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 15 گرام آئس برآمد کرلی، تھانہ ہمک پولیس نے ملزم امجد علی کو گرفتار کرکے اس کے قبضہ سے 176 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ لوہی بھیر پولیس نے دو ملزمان سعد امتیاز اور محمد بلال کو گرفتار کرکے ان کے قبضہ سے 119 گرام آئس، 640 گرام ہیروئن اور 124 گرام آئس برآمد کرلی، گرفتار ملزمان کے خلاف مختلف تھانہ جات مقدمات درج کر کے مزید تفتیش شروع کردی گئی، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس منشیات وشراب فروشی جیسے گھناؤنے کاروبار میں ملوث عناصر کو ہر صورت قانون کے کٹہرے میں لائے گی، شہریوں کے تعاون سے اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہر کو امن کا گہوارہ بنانے میں تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہری کسی بھی مشکوک شخص یا سرگرمی کے متعلق اپنے متعلقہ تھانہ، ایمرجنسی ہیلپ لائن "پکار-15" یا "آئی سی ٹی -15" ایپ پر فوری اطلاع دیں۔



# اسلام آباد پولیس تھانہ لوہی بھیر پولیس نے ڈکیتی کے دوران خواتین سے زیادتی میں ملوث اشتہاری مجرم کو گرفتار کرلیا

گرفتار مجرم سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد، مجرم سے مزید تفتیش جاری ہے۔ انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد پولیس کا وفاقی دارالحکومت میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، اس سلسلہ میں تھانہ لوہی بھیر پولیس نے جدید تکنیکی اور سائنسی تقاضوں پر تفتیش کرتے ہوئے ڈکیتی کے دوران خواتین سے زیادتی کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم مظفر حسین کو گرفتار کرلیا، گرفتار مجرم سے واردات میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا گیا، گرفتار مجرم سے مزید تفتیش جاری ہے، ڈی آئی جی آپریشنز سید شہزاد ندیم بخاری نے کہا کہ جرائم اور تشدد پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لارہی ہے، ایسے واقعات میں ملوث ملزمان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لاکر قرار واقعی سزا دلوا کر کیفر کردار تک پہنچایا جائے گا اور ملزمان کو ٹھوس شواہد کی روشنی میں چالان کیا جائے گا، انہوں نے مزید کہا کہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے لئے تمام تر وسائل بروئے کار لارہی ہے، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیزیا سرگرمی کے بارے میں متعلقہ تھانہ، "پکار-"15" یا" آئی سی ٹی "-15 ایپ پر فوراً اطلاع دیں، تاکہ پولیس اور عوام کے تعاون سے معاشرے کو جرائم سے پاک کیا جاسکے۔




# سیف سٹی ای چالان سسٹم ٹریفک قوانین کے نفاذ میں موثر کردار ادا کر رہا ہے

**جس سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 38 ای چالان ٹکٹس جاری، اب تک کل 02 لاکھ 65 ہزار سے زائد ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، شہری ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی نہ کریں اور قانون کی پاسداری کو یقینی بنائیں، تاکہ حادثات میں روک تھام اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جاسکے۔**

انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے ویژن اور خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے بین الاقوامی معیار کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ای چالان سسٹم کے تحت ٹریفک قوانین پر عملدرآمد کو یقینی بناتے ہوئے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 38 ای چالان ٹکٹس جاری کیے ہیں، اب تک ٹریفک قوانین کی مختلف خلاف ورزیوں پر کل 02 لاکھ 65 ہزار 432 ای چالان ٹکٹس جاری کیے جا چکے ہیں، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے قانون شکنوں کیخلاف ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن ڈیپارٹمنٹ سے لنک ڈیٹا بیس کی مدد سے خصوصی قانونی کارروائی بھی عمل میں لائی جارہی ہے، جس کے تحت قانون شکنوں کو ان کے موبائل نمبرز پر ای چالان ٹکٹ کا پیغام ارسال کیا جاتا ہے، ای چالان سسٹم کی موثر حکمت عملی کی وجہ سے مہلک حادثات اور دیگر ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، جاری شدہ چالان ٹکٹس گاڑی اور موٹر سائیکل مالکان کے گھر بھی ارسال کئے جارہے ہیں، جرمانے کی رقم مقررہ وقت پر ادا نہ کرنے پر چالان کی کاپی ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن آفس میں گاڑی کی ماسٹر فائل میں چسپاں کی جارہی ہے اور اس امر کو یقینی بنایا گیا ہے کہ چالان کے بقایا جات کو ادا نہ کرنے والے گاڑی مالکان جب تک جرمانے کی رقم ادا نہیں کرتے اس وقت تک گاڑی یا موٹر سائیکل کسی دوسرے شخص کے نام منتقل نہیں کیا جاسکے گا جبکہ جرمانے کی رقم ادا کرنے کے لئے شہریوں کیلئے آسانیاں پیدا کرتے ہوئے مختلف موبائل اور بینک اکاؤنٹس کی سہولت فراہم کی گئی ہے، انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی نے کہا کہ سیف سٹی ای چالان سسٹم سے خاطر خواہ نتائج حاصل ہورہے ہیں اور ای چالان سسٹم کے تحت بہترین مانیٹرنگ کے باعث مہلک حادثات اور دیگر قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی ہے، انہوں نے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ سیف سٹی کے کیمروں کے ذریعے کئے جانے والے چالان کے جدید نظام کو مزید بہتر اور موثر بنایا جارہا ہے اس نظام کا مقصد جدید ٹیکنالوجی کو بروئے کار لاتے ہوئے حادثات کی روک تھام کو یقینی بناتے ہوئے ٹریفک قوانین کی پاسداری کو یقینی بنانا ہے۔

Tarjuman
A publication of Public Relations Branch Islamabad Capital Police
# The Capital Police Islamabad
Islamabad Police | TUESDAY APRIL 30, 2024 | Islamabadpolice.gov.pk



## PUCAR -15

| | |
|---|---|
| Emergency Call | 3864 |
| Hoax Call | 3156 |
| Emergency Response | 315 |
| Minimum Response Time | 03 Min |
| Maximum Response Time | 08 Min |

## TRAFFIC

| | |
|---|---|
| Traffic Fine Ticket | 2159 |
| Major Violation | 1141 |
| Fatal Accident | ---- |
| Driving License | ---- |
| Learner Permit | ---- |

## CRIME

| | |
|---|---|
| Total Crime Registered | 117 |
| Accused Arrested | 98 |
| Challan Submitted in Court | 48 |
| Stop & Search | 5805 |
| P.O / C.O Arrested | 28 |

## TECHNOLOGY

| | |
|---|---|
| Tenant Registration | 56265 |
| Employee Registration | 54967 |
| Vehicle Verification | 21029 |
| Lost & Found Reports | 06 |
| General Verification | 96279 |

# Federal Interior Minister inaugurates mobile facilitation and education service






According to details, the Federal Interior Minister Syed Mohsin Naqvi has successfully implemented another important initiative for the convenience of the residents of the federal capital, a public relations officer said. He said that, the Interior Minister inaugurated the Islamabad Traffic Police public facilitation and education mobile service and inspected and reviewed the facilities provided to citizens to get the license. In this regard a ceremony was held at F-9 park, which was attended by the Federal Interior Minister as chief guest while, the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi along with senior police officers were also present. On this occasion, the Federal Interior Minister stated that Islamabad Traffic Police will now issue driving licenses to residents from any part of the country and licenses for people over 70 years of age in the federal capital will be issued at their homes. He further emphasized providing every possible facility to the residents of Islamabad with a priority on facilitating college and university students with services for obtaining and renewing licenses and learner permits at their educational institutions. Moreover, the aim of this service is to save students time from visiting traffic offices and waiting in queues, he maintained. However, the Federal Interior Minister has announced the commencement of work to rid Islamabad of drugs and offenses. Islamabad will adhere to the Supreme Court's decision regarding offenses and ensuring no tolerance for any transgressions. The Islamabad Traffic Police has been directed to issue licenses to citizens from any part of the country residing in Islamabad, without requiring them to return if their temporary or permanent address is outside Islamabad. He further said that, the welfare of police martyrs' families and officers is also among the top priorities. He asserted that all police stations in Islamabad will undergo significant changes within three months. He said that, under the leadership of IGP Islamabad, police are taking action against drug use in educational institutions throughout Islamabad and arresting drug peddlers. On this occasion, IGP Islamabad said that this mobile service van will adhere to the motto of "serving citizens with convenience," providing services to citizens in Islamabad. He further said that, the mobile service will ensure efficient service delivery. The police mobile service schedule has been issued which provides services from 10 am to 7 pm. The Islamabad Police is committed to the protection and service of citizens round the clock, he maintained.



## Islamabad Police launches "Nashaa Ab Nahi" Tehreek

According to details, in light of the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, Islamabad Police has launched a special "Nashaa Ab Nahi"tehreek to eradicate narcotics and keep the youngsters safe from the curse of drugs, a public relations officers said. He said that, as part of this initiative, Islamabad Police officers are conducting special awareness campaigns on the harms of drugs and their prevention. During the past week, Islamabad Police teams took effective action against drug dealers, resulting in the arrest of 98 drug dealers. Seized items included 16.99 kilograms of hashish, 27.92 kilograms of heroin, 3.75 kilograms of ice, and 380 bottles of liquor. Cases have been registered against the arrested individuals and further investigations are underway. The IGP Islamabad emphasized that "Nashaa Ab Nahi" is a movement initiated by Islamabad Police, where drug use will not be tolerated and those involved in drug peddling will be dealt severely. He further said that the excessive use of drugs among young people and students is destructive to both their health and future. Addiction is not just an individual problem but also the cause of ruin for entire families and societies. It's a disease that not only ruins the lives of hundreds of young people but also subjects them to various distresses. However, youngsters should protect themselves from this scourge and play their part in saving others around them from the curse of drugs, he maintained. The IGP Islamabad urges citizens to support Islamabad Police in combating drugs and commit to "Nashaa Ab Nahi" tehreek. "Citizens are urged to report any suspicious activityrelated to drug peddling to their respective police stations or at the emergency helpline "Pucar-15," or the "ICT-15" app.

# Islamabad Police committed to resolve public issues on priority; says DIG Operations







According to the details, the DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari said that the Islamabad Police is committed to resolve public issues on priority, a public relations officer said. He said this while listening to the complaints and issues of the public as well as police officials during the Khuli Kachehri held at his office. Senior police officers were also present on this occasion. During the Khuli Kachehri, he listened to the complaints of the citizens and marked their applications to the concerned officers for timely action on merit. He also directed them to send reports to his offices in the given time frame. He further said that strict action will be taken against officials involved in bribery or corruption and a zero tolerance policy will be adopted in this regard. He emphasized that Islamabad Police would not leave any stone unturned to secure the lives and property of the citizens. "Such interaction would be continued in future to provide maximum relief to the citizens." he added. He said that interaction during "Khuli Kacheries" would help to promote friendly policing and will also ensure self-accountability, immediate resolution of citizens' problems. The protection of life, property and self-respect of citizens comes first, he maintained.

# Police determined to address public' issues on priority; says SSP Operations








Following the special directions of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the SSP Operations Malik Jameel Zafar holds a Khuli Kachehri at F-10 Markaz in the jurisdiction of Shalimar police station, a public relations officer said. He said that the Khuli Kachehri was attended by citizens and senior police officials. Khuli Kachehris are being held as per the directions of IGP Islamabad across the city to ensure the early redressal of public complaints. At the outset of the proceedings, the participants shared their grievances and also gave suggestions to resolve them. The SSP Operations issued orders on the spot to address the issues of the participants and assured them that their suggestions will be taken into account. He highlighted that police were determined to resolve the issues faced by the citizens. However, Khuli Kachehris were helpful in maintaining direct relationships with the public. He asserted that better strategy on part of the police led to reduction in crime in the city. Islamabad Police are taking steps to control crime further. He asked the participants to cooperate with the police in controlling the crime in the city. He further said that, the Islamabad Police also launched an effective crackdown against those involved in drug peddling, land grabbing and criminal activities in their areas. He urged the citizens to check the activities of the people in their surroundings and inform the police in case of observing the suspicious activities. He added that effective policing is only possible through cooperation of the public and trust between them would be ensured through resolving their problems at their door steps. Any complainant can approach him for redressal of the issues. The participants also thanked the IGP Islamabad for organizing these Khuli Kachehris.

## SP Diplomatic Protection Unit visits different entry points and review security arrangements



According to the details, the SP Diplomatic Enclave Raja Tahir Hussain visited various entry points of Diplomatic Enclave and reviewed security arrangements, a public relations officer. He said that, following the special directions of Inspector General of Police (IGP) Islamabad Syed Ali Nasir Rizvi, the SP Diplomatic Protection Unit visited different entry points of diplomatic enclave and met the officials of Islamabad Police performing duties and issued instructions to enhance security and remain alert on duty. SP DPU said that, the Islamabad Police will not allow disruption of law and order in the federal capital and all resources would be used by taking necessary steps to protect the life and property of the citizens. He further directed the officials to tighten patrolling in their areas and make checking effective adding that the officer incharge should brief the staff to deal with any law and order situation and check all the duties by themselves, all the personnel deployed on duty should be sent with full kits. He said that the Islamabad Police is always engaged in maintaining the law and order in the federal capital and ensuring the safety of the lives and property of the citizens



# 32 drug peddlers arrested; huge cache of drugs recovered



Following, the special directives of Inspector General of Police (IGP) Syed Ali Nasir Rizvi, the Islamabad Police has launched a special awareness campaign titled "Nasha Ab Nahe" to eradicate narcotics from the federal capital and to safeguard the youth from the menace of narcotics, a public relations officer said. He said that, during the last 24 hours, the Islamabad Police apprehended 32 drug peddlers from different areas of the city and recovered a huge cache of drugs from their possession. Following these directions, the Aabpara Police arrested four accused namely Muhib Ullah, Nabeel Basher, Rangeen Khan and Zabta Ali and recovered 1800 gram hashish and 315 gram Ice from his possession. The Secretariat police team arrested an accused namely Kamran and recovered 232 gram heroin from his possession. The Kohsar Police team arrested two accused namely Shamoon Masih and Qaisar Yaqoob and recovered 104 gram heroin and 20 liters of liquor from their possession. Likewise, the Woman Police team arrested a lady accused namely Mehak and recovered 97 gram heroin from his possession. The Karachi Company Police team arrested an accused namely Sohail and recovered 25 liquor bottles from his possession. The Shalimar Police team arrested an accused namely Gul Bahar and recovered 16 gram ice from his possession. Similarly, the Ramna Police team arrested two accused namely Shoaib and Omolade and recovered 74 bottles and six beer cans from their possession. The Sumbal Police team arrested an accused namely Tahir Ali and recovered 1,110 gram hashish from their possession. The Tarnol police team arrested five accused namely Adil, Yasir, Noor Aslam, Azad Khan and Imran and recovered 810 gram ice and 1,022 gram heroin from their possession. Moreover, the Sangjani Police team arrested an accused namely Usman and recovered 546 gram heroin from his possession. The Shams Colony Police team arrested three accused namely Tanveer, Hamid Hussain and Mumtaz and recovered 60 gram ice from their possession. The Nilore Police team arrested an accused Sajid Ali and recovered 210 gram heroin from his possession. The Shahzad Town Police team arrested an accused namely Hasnain and recovered 585 gram heroin and 95 grams of ice from their possession. Furthermore, the Bani Gala Police team arrested two accused namely Wali Muhammad and Shoukat and recovered 1,850 gram hashish and 25 gram ice from their possession. The Khanna Police team arrested an accused namely Sarmad and recovered 105 gram ice from his possession. The Koral police team arrested an accused namely Rashid Ahmed and recovered 42 gram ice from his possession. The Kirpa police team arrested an accused namely Muhammad Shariq and recovered 15 gram ice from his possession. The Humak police team arrested an accused namely Amjad Ali and recovered 176 gram heroin from his possession. The Lohi Bher police team arrested two accused namely Saad Imtiaz and Muhammad Bilal and recovered 119 gram ice, 640 gram heroin and 124 gram ice from his possession. Cases have been registered against the nabbed accused and further investigation is underway. DIG Operations Islamabad Syed Shahzad Nadeem Bukhari, directed the police officials to further intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard", he maintained.

**Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars**

According to details, following the special directives of the Deputy Inspector General of Police (DIG) Operations, Syed Shahzad Nadeem Bukhari, Islamabad Police has initiated a crackdown against professional beggars, a public relations officer said. He said that during the past 24 hours, Islamabad Police conducted operations against professional beggars and their facilitators in various areas, resulting in the arrest of 22 professional beggars and the filing of cases against them. Additionally, underage children were transferred to shelters. The DIG Operations issued clear instructions to zonal SPs to continue daily operations against beggars under their supervision. He urged citizens not to give alms to professional beggars and to discourage them. If professional beggars are spotted in commercial or residential areas, citizens are encouraged to immediately call the police at "Pucar-15". Furthermore, he emphasized that the primary priority of Islamabad Police is the protection of life and property of the citizens.

**Six absconders involved in heinous crime held**

Islamabad Police have arrested six absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hour, a public relations officer said. According to details, following the special directives of theInspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the special tasks were assigned to all senior police officials to ensure the arrest of proclaimed offenders and absconders involved in heinous crimes. During the crackdown, the Islamabad Police teams have arrested six absconders and proclaimed offenders involved in heinous crime during the last 24 hours. DIG Operations said that the Islamabad Police is taking all possible steps to eradicate the crime from the city and those involved in heinous crimes and illegal activities will be dealt with iron hands. "Safety to the lives and property of the citizens is the foremost priority of Islamabad Capital Police," he added.

# Wanted absconder arrested involved in dacoity and rape case

According to the details, the Islamabad Police Lohi Bher police station team have arrested an absconder involved in dacoity and rape case, a public relations officer said. He said that the Lohi Bher police team arrested a wanted absconder namely Muzafar Hussain and recovered pistol from his possession, while further investigation is underway. DIG Operations directed all senior officials for an effective crackdown against the accused involved in criminal activities and to ensure the safety of lives and property of citizens on a priority basis. He said that the Islamabad Capital Police adopts a zero-tolerance policy against violence, including injustices and crimes, and the accused involved in it will be brought to justice by taking strict legal action against them. He further directed all officers and officials to intensify the crackdown against the criminal elements. "Safety and security of the citizens is our foremost priority and no laxity will be tolerated in this regard.



# Safe City technical monitoring team carried out effective operations in 2024

According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, the Safe City Command and Control Center technical monitoring team has carried out effective operations in the first four months of 2024, a public relations officer said. He said that a total of 455,937 individuals were registered through the hotel eye software, and 16 wanted criminals were apprehended and transferred to police stations. Additionally, 26,500 domestic workers and tenants were also registered, out of which 3 wanted criminals were arrested and transferred to relevant police stations. Furthermore, 24,513 individuals were registered in the entry-exit management system, and 7 accused were arrested and transferred to relevant police stations. These accused, besides residing in private hotels within Islamabad's limits, also utilized bus terminals and entered Islamabad either by becoming tenants or through other means. Upon monitoring their movements, the concerned authorities were informed, resulting in their immediate arrest. DIG Safe City/Traffic emphasized that the establishment of the Safe City Command and Control Center aims not only to reduce the crime rate in the city but also to provide better facilities to the citizens. At the Safe City Command and Control Center, where suspicious activities are monitored, effective traffic management, data analysis, criminals' facial identification, automatic number plate readers (ANPR), and useful software like Hotel Eye are used to reduce the crime rate, he added. He further stated that Hotel Eye is software that keeps an eye on every individual residing in hotels, hostels, and shelter homes in the city. Citizens can report any suspicious individuals or activities to Islamabad Police helpline "Pucar-15" or through the "ICT-15" app.



# Safe City Islamabad plays a vital role in crime prevention

In the first four months 2024, Safe City Islamabad worked on 1,112 cases, tracing 433 cases, while 250 investigation officer benefited from Safe City Islamabad in tracing cases. According to details, following the special directives of the Inspector General of Police (IGP) Islamabad, Syed Ali Nasir Rizvi, Safe City Islamabad is playing a vital role in crime prevention, a public relations officer said. He said that, in the first four months 2024, Safe City Islamabad worked on 1,112 cases, assisting in tracing 433 suspects' cases, and 433 cases resulting in apprehensions. Moreover, 250 investigation officers benefited from Safe City Islamabad in tracing cases. The DIG Safe City/Traffic highlighted that the city's modern surveillance cameras are crucial in ensuring the city's safety, preventing crimes, and protecting the lives and property of citizens. Additionally, 42% of crimes are solved through the Safe City Command and Control Center, with cameras installed on the city's internal and external routes playing a vital role in identifying suspects. "Citizens can report any suspicious individuals or activities to the Islamabad Police helpline "Pucar- 15" or the "ICT-15" app."



# Social Media Corner Islamabad Police







| S # | DATE | DAY | TIMING | VENUE/DUTY POINT |
|---|---|---|---|---|
| 1 | 29.04.2024 | Monday | 10:00 AM TO 07:00 PM BREAK (01:00 PM TO 01:30 PM) | F-11 Markaz |
| 2 | 30.04.2024 | Tuesday | 10:00 AM TO 07:00 PM BREAK (01:00 PM TO 01:30 PM) | G-13 Markaz near PS Sumbal |
| 3 | 01.05.2024 | Wednesday | 10:00 AM TO 07:00 PM BREAK (01:00 PM TO 01:30 PM) | G-9 Markaz near Pak China Mall |
| 4 | 02.05.2024 | Thursday | 10:00 AM TO 07:00 PM BREAK (01:00 PM TO 01:30 PM) | Near Sui Gas Office I-9 |
| 5 | 03.05.2024 | Friday | 10:00 AM TO 07:00 PM BREAK (01:00 PM TO 02:00 PM) | Khana Bridge Near DSP Office |
| 6 | 04.05.2024 | Saturday | 10:00 AM TO 07:00 PM BREAK (01:00 PM TO 01:30 PM) | Dhok Gillani Metro Bus Stop, Bharakahu |
| 7 | 05.05.2024 | Sunday | 10:00 AM TO 07:00 PM BREAK (01:00 PM TO 01:30 PM) | 26 No. Skyways Bus Terminal |

